Telephone conversation between Prime Minister and President of USA

June 02, 2020

وزیر اعظم اور امریکہ کے صدر کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

02 جون، 2020

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ریاستہائے متحدہ امریکہ کے صدر عالی جناب ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

صدر ٹرمپ نے گروپ آف سیون کی امریکی صدارت کے بارے میں بات کی، اور اس گروپ کے دائرہ کار کو موجودہ ممبرشپ سے آگے بڑھانے کی خواہش ظاہر کی، جس میں ہندوستان سمیت دیگر اہم ممالک کو بھی شامل کیا جائے۔ اس تناظر میں، انھوں نے وزیر اعظم مودی کو امریکہ میں ہونے والے اگلے جی 7 اجلاس میں شرکت کی دعوت دی۔

وزیر اعظم مودی نے صدر ٹرمپ کی تخلیقی اور دور اندیشی پر مبنی نقطہ نظر کی تعریف کی، اور اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے کہ اس طرح کا توسیع شدہ فورم کووڈ کے بعد کی دنیا کی ابھرتی حقائق کے مطابق ہو گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت مجوزہ سمٹ کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے امریکہ اور دیگر ممالک کے ساتھ مل کر کام کرنے میں خوشی محسوس کرے گا۔

وزیر اعظم مودی نے امریکہ میں جاری شہری افراتفری کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا، اور صورتحال کے جلد حل کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

دونوں رہنماؤں نے دیگر اہم امور مثلا دونوں ممالک میں کووڈ 19 کی صورتحال، بھارت چین سرحد پر صورتحال اور عالمی ادارہ صحت میں اصلاحات کی ضرورت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

صدر ٹرمپ نے رواں سال فروری میں اپنے ہندوستان کے دورے کو گرم جوشی سے یاد کیا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ یہ دورہ کئی ناحیے سے یادگار اور تاریخی رہا، اور اس نے دوطرفہ تعلقات میں نئی حرکت کا اضافہ کیا ہے۔

گفتگو کے درمیان غیر معمولی گرم جوشی اور بے تکلفی سے ہندوستان - امریکہ تعلقات کی خاص نوعیت کا اندازہ ہوتا ہے، نیز دونوں رہنماؤں کے مابین دوستی اور باہمی احترام کی عکاسی ہوتی ہے۔

نئی دہلی

02 جون، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.